

NHS

martha's rule
detecting deterioration

# مارتھاز رُول (Martha's Rule): اگر آپ اپنے بچے کی بگڑتی طبیعت کے حوالے سے فکر مند ہیں

# تو ہم سے بات کریں

آپ اپنے بچے کو سب سے بہتر جانتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کو معمولی تبدیلیاں نگہداشت پر مامور ٹیم سے بھی پہلے نظر آ جائیں۔ یہ تبدیلیاں صحت کی بگڑتی ہوئی حالت کی ابتدائی علامات ہو سکتی ہیں۔

## مارتھاز رُول کیا ہے؟

ہم نے مارتھاز رُول متعارف کروایا ہے تاکہ بگڑتی طبیعت کی کسی بھی غیر متوقع علامات کو جلد شناخت کیا جا سکے۔ مارتھاز رُول آپ کو یہ استحقاق دیتا ہے کہ اگر آپ اپنے بچے کی طبیعت مزید بگڑنے کے حوالے سے فکر مند ہیں تو آپ فوری جائزے کے لیے درخواست کر سکیں۔

## ہم آپ کے بچے کی نگرانی کیسے کرتے ہیں

جب آپ کا بچہ اسپتال میں قیام پذیر ہوتا ہے، تو ہم باقاعدگی سے اس کا بلڈ پریشر، درجۂ حرارت اور صحت کے حوالے سے دیگر اہم پیمائشیں لیتے ہیں۔ یہ پیمائشیں کتنے تسلسل کے ساتھ لی جاتی ہیں اس بات کا انحصار آپ کے بچے کی انفرادی طبیعت اور ضروریات پر ہوتا ہے۔ کبھی کبھار ہمیں یہ پیمائشیں لینے کے لیے بچے کو جگانا پڑ سکتا ہے۔ اس کے علاوہ، ہم روزانہ کم از کم ایک بار پوچھیں گے کہ وہ طبیعت بہتر محسوس کر رہا ہے یا مزید ناساز۔ ایسا اُس کی طبیعت میں کسی بھی غیر متوقع تبدیلیوں کی نگرانی کے لیے کیا جاتا ہے۔

## آپ کا کردار انتہائی اہم ہے

بگڑتی طبیعت کی ابتدائی علامات کی نشاندہی میں ہماری مدد کرنے کے لیے، براہ کرم ہمیں بتائیں کہ آپ کے بچے میں کیا تبدیلیاں نظر آ رہی ہیں:

- جیسے کہ، زیادہ درجۂ حرارت - پسینہ آنا، کپکپی، یا ہاتھ لگانے پر معمول سے زیادہ گرم یا سرد محسوس ہونا
- معمول کے مقابلے میں مختلف انداز سے رونا
- اس کی جِلد میں کسی بھی قسم کی تبدیلیاں، مثلاً، پیلا پن، ریشز (یہ سیاہ یا بھوری جِلد پر ذرا مشکل سے نظر آتے ہیں)، یا چھالے یا دانے ہونا
- غیر معمولی طور پر نیند کی کیفیت یا جاگنے میں دشواری
- چڑ چڑا ہونا یا بے آرام ہونا
- دودھ پینے، پانی پینے یا کھانے میں دلچسپی نہ لینا
- سانس کی شرح معمول سے زیادہ ہونا، ہر سانس کے ساتھ گڑگڑاہٹ یا سیٹی جیسی آواز نکلنا
- پیشاب میں کمی یا پاخانے میں خون آنا

**یا آپ فکرمند کرنے والی کسی بھی دیگر بات سے ہمیں آگاہ کر سکتے ہیں۔**

ہمارے اسٹاف کو اِن تبدیلیوں سے آگاہ کرنا ہمیں صحت کی بگڑتی ہوئی کیفیت کی جَلد تشخیص میں مدد دے سکتا ہے تاکہ ہم صحت کو لاحق زیادہ سنگین مسائل سے بچاؤ کے لیے اقدامات کر سکیں۔

## اگر آپ فکر مند ہوں تو کیا کریں

1 اپنے بچے کی نگہداشت پر مامور ٹیم سے بات کریں۔

2 اگر آپ کو پھر بھی تشویش رہے اور محسوس کریں کہ نگہداشت کرنے والی ٹیم آپ کے خدشات پر توجہ نہیں دے رہی، تو فوری جائزے کے لیے کال کریں۔
فون: 03004222222

آپ کی درخواست ہمارے اسپتال کی ایک مختلف ٹیم کے پاس جائے گی، جو بہت زیادہ بیمار مریضوں کی نگہداشت میں مہارت رکھتی ہے۔ یہ ٹیم آپ اور آپ کے بچے کی نگہداشت پر مامور ٹیم کے ساتھ کام کرے گی تاکہ ضروری علاج یا مزید جائزے کا بندوبست کیا جا سکے۔

یہ سروس دن کے 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 دن دستیاب ہے۔

## ہمارا عزم

ہم باقاعدگی سے آپ کے خیالات جانیں گے اور آپ کے خدشات کو سنجیدگی سے لیں گے۔ ہم آپ کو اپنی فراہم کردہ نگہداشت کی سروس میں ایک پارٹنر سمجھتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ آپ اپنے تمام خدشات اور تشویشات کے بارے میں بات کریں۔

**مارتھاز رُول کے بارے میں مزید جاننے کے لیے یہاں اسکین کریں۔**

**آپ ایسا کرکے ہمیں پریشان نہیں کریں گے - ہم تو آپ کی بات سننا چاہتے ہیں۔**

martha's rule
detecting deterioration